في سبيل الله

وقال ربکم ادعونی استجب لکم

اور تمہارے رب نے کہا ہے مجھے پکارو میں تمہاری دعائیں قبول کروں گا

www.KitaboSunnat.com

ذکر و دعا

نظرثانی حافظ عبدالوحید (مدیر دار الفلاح پاکستان)

مرتبین عبدالباسط رفیق • عبدالصمد ثاقب

ناشر عمیر ٹریڈرز شاہ عالم مارکیٹ لاہور

+92 42 37673388-37673377-37650316

بسم اللہ الرحمن الرحیم

❀❀❀ توجہ فرمائیں! ❀❀❀

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب.........

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اَپ لوڈ (UPLOAD) کی جاتی ہیں۔
- متعلقہ ناشرین کی اجازت کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات کی نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

❀❀❀ تنبیہ ❀❀❀

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر
تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں

ٹیم کتاب وسنت ڈاٹ کام

webmaster@kitabosunnat.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

قرآنی دعائیں

پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صبح وشام کے اذکار

پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسنون دعائیں

مقدمہ	3	صبح وشام کے اذکار کی فضیلت	22
پہلے مجھے پڑھئے!	5	صبح کے اذکار	23
دعا کی فضیلت واہمیت	6	شام کے اذکار	27
قبولیتِ دعا کی شرائط	9	صبح وشام کے اذکار اور دعائیں	29
اسم اعظم	11	مسنون دعائیں	42
قرآنی دعائیں	12	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی فضیلت	56

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے و

کمپوزنگ، ڈیزائنگ اینڈ پرنٹنگ:

کرسٹل آرٹ (عبدالواسع 2-0323-7471861)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الرُّسُلِ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ. اَمَّا بَعْدُ!

انسان اپنی زندگی میں مختلف مسائل سے دوچار اور مختلف مشکلات کا شکار رہتا ہے، ان مشکلات سے نمٹنے اور اُن سے بچنے کے لیے اپنے طور پر بہت جدوجہد کرتا ہے اور اپنے مسائل کے بہت سے حل بھی تلاش کرتا ہے۔

''اسلام'' واحد دین ہے جو اپنے پیروکاروں کے سامنے اُن کے تمام مسائل کا حل پیش کرتا ہے اور اُن کی تمام مشکلات کا علاج کرتا ہے۔ مشکلات اور مسائل سے بچنے اور اُن سے نجات پانے کے لیے جہاں اُن کی نوعیت کے مطابق مخصوص قسم کی ہدایت اور تعلیمات دی گئی ہیں وہاں عمومی طور پر ہر اُلجھن، مصیبت اور تمام تر مسائل سے خلاصی پانے کے لیے دو اہم ترین حکم دیئے گئے ہیں۔

①۔ ذکر اللہ:

قرآن مجید نے صاف صاف بتادیا ہے کہ ''ذکر اللہ'' واحد عمل ہے جو انسان کو اُس کے دکھوں سے نجات دلا کر اُسے اطمینانِ قلب کی دولت سے مالا مال کرتا ہے، اور احادیث مبارکہ کے مطابق اللہ کا ذکر کرنے سے مشکلات آسان ہوجاتی ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

②۔ دعا:

دعا ایسا ہتھیار ہے جو کبھی کند نہیں ہوتا؛ اسی وجہ سے اسے ہمیشہ اپنائے رکھنے کی ہدایت و تلقین کی گئی ہے۔ خود رسول اللہ ﷺ ہر مشکل گھڑی میں انتہائی عجز و انکساری سے اللہ رب العزت کے حضور دعا گو ہوتے تھے اور آپ ﷺ نے اپنی اُمت کو بھی یہی تعلیم دی ہے۔

زیرِ نظر مجموعہ ہمارے لائقِ احترام دوست اور دار الفلاح کے ہونہار طالب علم جناب عبد الباسط رفیق کی کاوش ہے، جو ایک طرف اگرچہ اُن کے اپنے معمولات کا حصہ ہے مگر اس تالیف کی شکل میں دوسری طرف غم و کرب اور دکھوں میں گھری ہوئی اُمت مسلمہ کے لیے انمول تحفہ بھی ہے، نیز اُسے اس بات کی دعوت بھی ہے اپنے تمام تر غموں اور دکھوں کا علاج اسلام کی ان سنہری تعلیمات اور روشن کلمات سے کریں۔

اللہ تعالیٰ ان کی اس کوشش کو شرفِ قبولیت بخشے اور امت مسلمہ کیلئے نافع بنائے۔ آمین

نیز یہ کوشش موصوف کے لیے، ان کے والدین کے لیے، ان کے اہل خانہ اور برادران کے لیے اُخروی نجات کا ذریعہ بنے۔ آمین

حافظ عبد الوحید

جمعرات، ۱۲۔ ذی القعدہ ۱۴۳۱ھ

21۔ اکتوبر 2010ء

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہلے مجھے پڑھیے!

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ. اَمَّا بَعْدُ!

جب خالق کائنات سے دعا کی جائے تو اس انداز میں کی جائے کہ اس دعا کا پورا مفہوم سمجھ میں آ رہا ہو یعنی جب عربی میں دعا کی جائے تو اس کا ترجمہ بھی آپ کے ذہن میں مکمل طور پر ہو۔ تا کہ یہ جان اور سمجھ کر آپ دعا کریں کہ اپنے رب سے، اپنے خالق سے، اپنے پالنے والے سے کیا مانگ رہے ہیں۔

اس وقت تقریباً تمام اُمت مسلمہ مسائل، سختیوں اور مشکلات میں گھری ہوئی نظر آتی ہے۔ یہ یقیناً دین سے ہماری دوری اور لاعلمی کا نتیجہ ہے۔

آپ سے گزارش ہے کہ جب بھی دعا کریں تو اولاً پورے شعور اور گہرے احساس کے ساتھ نیز معانی کو مدنظر رکھتے ہوئے دعا کریں اور ثانیاً پوری امت مسلمہ کو بھی اپنی دعاؤں میں شامل کریں، تمام مشکلات اور مسائل سے نجات کیلئے اللہ تعالیٰ سے خصوصی دعا کی جائے۔

آپ حضرات سے یہ بھی گزارش ہے کہ جن لوگوں نے دعاؤں کا یہ مجموعہ آپ تک پہنچانے کے لئے محنت اور کوشش کی ہے ان کے لئے، ان کے والدین کے لئے، ان کے اہل خانہ اور برادران کے لئے بھی خصوصی دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس کوشش کو دنیا اور آخرت میں کامیابی کا ذریعہ بنائے۔ آمین

خیر اندیش

میاں انجم سعید　　　میاں طارق رفیق　　　میاں عبدالباسط رفیق

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دُعا کی فضیلت واہمیت

انسان کی تخلیق کا مقصد اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا ہے۔ فرمانِ الٰہی ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿٥٦﴾ (الذاریات:٥٦)

''میں نے جنوں اور انسانوں کو محض اسی لئے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں۔''

اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا بھی عبادت ہے، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے:

اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ (ترمذی)

ترجمہ: دعا عبادت کا مغز ہے۔

فرمانِ الٰہی ہے:

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ﴿١٨٦﴾ (البقرة:١٨٦)

''جب میرے بندے میرے بارے میں آپ ﷺ سے سوال کریں تو آپ ﷺ کہہ دیں کہ میں بہت قریب ہوں، ہر پکارنے والے کی پکار کو جب بھی وہ پکارے، قبول کرتا ہوں اس لیے لوگوں کو بھی چاہیے کہ وہ میری بات مان لیا کریں اور مجھ پر ایمان رکھیں یہی ان کی بھلائی کا باعث ہے۔''

آدابِ دعا:

دعا کے بہت سے آداب ہیں، اسے بہتر و کامل اور درجہ قبولیت تک پہنچانے کے لیے مندرجہ ذیل آداب کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حمدِ باری تعالیٰ اور درود شریف:

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فر
تھے کہ ایک شخص آیا، اس نے نماز پڑھی اور دعا کی:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ

''اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما'' (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
''اے نمازی! تم نے عجلت کی، جب تم نماز پڑھ کر بیٹھو تو اللہ کے شایان شان حمد بیان کر
مجھ پر درود بھیجو، پھر دعا کرو۔''
پھر اس کے بعد ایک اور شخص نے نماز پڑھی، اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
پر درود بھیجا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا:
''اے نمازی! دعا کر قبول ہوگی۔'' (ترمذی)

اسمِ اعظم:

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو ان الفاظ سے د
کرتے ہوئے سنا:
''الٰہی! میں آپ سے سوال کرتا ہوں، کیونکہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ تعالیٰ ہیں
آپ یکتا اور بے نیاز ہیں آپ کے سوا کوئی معبود (حقیقی) نہیں، جس کی اولاد ہے نہ
والدین اور نہ کوئی اس کا ہم سر ہے۔''
یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
''تم نے اللہ تعالیٰ سے (اس کے) ایسے نام سے سوال کیا ہے کہ جب اس سے اس
(نام) کے ساتھ سوال کیا جائے تو وہ عطا کرتا ہے اور جب اس (نام) کے ذریعے سے
دعا کی جائے تو وہ قبول کرتا ہے۔'' (ابوداؤد)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قبولیت کا یقین:

دعا کرتے ہوئے انسان کو دعا کی قبولیت کا یقین ہونا چاہیے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''اللہ تعالیٰ سے اس طرح دعا کرو کہ تمہیں قبولیت کا یقین ہو۔'' (ترمذی)

تین تین بار دعا کرنا:

بار بار دعا کرنا بھی مستحب ہے اس سے دعا کرنے والے کی حرص اور تمنا ظاہر ہوتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''جو شخص تین بار جنت کا سوال کرے تو جنت کہتی ہے: اے اللہ! اسے جنت میں داخل فرما، اور جو شخص تین بار آگ سے پناہ طلب کرے تو آگ کہتی ہے: اے اللہ! اسے آگ سے بچا لے۔''

(سنن ابن ماجہ)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ (سنن ابی داؤد)

''اے اللہ! بیشک میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور جہنم کی آگ سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

دعا کے وقت ہاتھ اُٹھانا:

دعا کے وقت ہاتھ اُٹھانا، رسول اللہ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور پوری امت کے تعامل سے ثابت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''تمہارا پروردگار یقیناً سخاوت کرنے والا، اور حیاء کرنے والا ہے، جب بندہ اس کے حضور ہاتھ اُٹھاتا ہے تو اسے حیاء آتی ہے کہ انہیں خالی لوٹائے۔'' (ابوداود)

اللہ تبارک وتعالیٰ کتنا بے مثال سخی داتا ہے کہ اسے بندے کے ہاتھ خالی لوٹاتے ہوئے حیاء آتی ہے۔ لیکن افسوس کہ بندے کو ایسے منعمِ حقیقی سے منہ موڑ کر دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہوئے ذرا شرم نہیں آتی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قبولیّتِ دعا کی شرائط

دعا میں خلوص:

قبولیتِ دعا کے لیے اخلاصِ نیت بہت ضروری ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَآءَ ۝٥ (البینۃ:۵)

”اور انہیں اسی بات کا حکم دیا گیا کہ وہ اللہ کی عبادت کریں اس کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے، یکطرفہ ہو کر۔“

حضورِ قلب:

دعا کی قبولیت کے لیے حضورِ قلب بھی ضروری ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

”تم اللہ سے قبولیت کا یقین رکھتے ہوئے دعا کیا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ غافل اور بے پرواہ دل کی دعا قبول نہیں کرتا۔“ (ترمذی)

اکلِ حلال:

دعا کی قبولیت کے لیے اہم ترین شرط رزقِ حلال ہے۔ صحیح مسلم کی ایک روایت ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”ایک شخص دور دراز سے سفر طے کر کے آتا ہے، اس کے بال بکھرے ہوئے اور گرد آلود ہیں، آسمان کی طرف

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہاتھ پھیلائے بڑی عاجزی سے دعا کر رہا ہے: اے میرے رب! اے میرے رب! حالانکہ ''اس کا کھانا حرام، اس کا پینا حرام، اس کا لباس حرام اور اس کی پرورش ہی حرام سے ہوئی، تو ایسے شخص کی دعا کیسے قبول ہو؟'' اس سے ثابت ہوا کہ قبولیت دعا کے لیے اکل حلال نہایت ضروری ہے۔ (صحیح مسلم)

دعا کے افضل اوقات وحالات:

① رات کے آخری حصہ میں اُٹھ کر دعا کرنا اوقات قبولیت میں سے ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''ہمارا رب ہر رات، جب اس کا آخری ایک تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے، تو وہ آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے اور پوچھتا ہے، کون ہے جو مجھ سے دعا کرے میں اس کی دعا قبول کروں؟ کون ہے جو مجھ سے رزق مانگے میں اسے دوں اور کون ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرے میں اسے بخش دوں؟'' (صحیح بخاری)

② اذان اور اقامت کے درمیان دعا کرنا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''اذان اور اقامت کے درمیان دعا رد نہیں ہوتی''۔ (پس اس وقت دعا کیا کرو) (ترمذی)

③ سجدہ کی حالت میں دعا کرنا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''انسان اپنے رب کے انتہائی قریب اس وقت ہوتا ہے جب وہ سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے، پس (اس حالت میں) زیادہ سے زیادہ دعا کرو۔'' (صحیح مسلم)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسمِ اعظم

① وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿١٦٣﴾ (البقرہ ۱۶۳)

’’اور تمہارا معبود ایک ہی ہے، اس کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں، وہ نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔‘‘

② الٓمّٓ ﴿١﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿٢﴾ (آل عمران ۲-۱)

الم۔ اللہ (وہ معبود ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ جاوید اور ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔

③ درودِ ابراہیمی:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (صحیح بخاری)

’’اے اللہ! حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر رحمت بھیج جیسے تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر رحمت بھیجی، بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ الٰہی! برکت دے حضرت محمد ﷺ کو اور حضرت محمد ﷺ کی آل کو جیسے تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم علیہ السلام کو برکت دی۔ بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔‘‘

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآنی دعائیں

① رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَیَسِّرْ لِیْۤ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴿۲۸﴾

اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے اور میرے لیے میرا کام آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔ (طٰہٰ ۲۵۔۲۸)

② اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۶۷﴾ (البقرۃ:۶۷)

میں اس سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ جاہلوں کی سی باتیں کروں۔

③ رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً
وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ (البقرہ:۲۰۱)

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

④ رَبَّنَاۤ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا
وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۲۵۰﴾ (البقرہ ۲۵۰)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے ہمارے رب! ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمارے قدم جما دے اور اس کافر گروہ پر ہمیں فتح نصیب کر۔

⑤ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَ اعْفُ عَنَّا ۥ وَ اغْفِرْ لَنَا ۥ وَارْحَمْنَا ۥ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ (البقرہ:۲۸۶)

اے ہمارے پروردگار! ہم سے بھول چوک میں جو قصور ہو جائیں اُن پر گرفت نہ کر اے ہمارے پروردگار! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالے تھے۔ اے ہمارے پروردگار! جس بوجھ کو اٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں ہے وہ ہم پر نہ رکھ۔ ہمارے ساتھ نرمی کر، ہم سے درگزر فرما، ہم پر رحم کر، تو ہمارا مولیٰ ہے کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

⑥ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۸﴾ (آل عمران:۸)

اے ہمارے پروردگار! جب تو ہمیں سیدھے راستے پر لگا چکا ہے تو پھر ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کرنا اور ہمیں اپنے خزانہ فیض سے رحمت عطا فرما کہ تو ہی فیاض حقیقی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑦ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٦﴾ (آل عمران:١٦)

اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے ہماری خطاؤں سے درگزر فرما اور ہمیں آتش دوزخ سے بچالے۔

⑧ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٥٣﴾ (آل عمران:٥٣)

اے ہمارے پروردگار! جو فرمان تو نے نازل کیا ہے ہم نے اسے مان لیا اور رسول ﷺ کی پیروی قبول کی ہمارا نام گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔

⑨ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ اِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٤٧﴾ (آل عمران:١٤٧)

اے ہمارے رب! ہماری غلطیوں اور کوتاہیوں سے درگزر فرما۔ ہمارے کام میں تیری حدود سے جو تجاوز ہوگیا ہو اُسے معاف فرما اور ہمارے قدم جمادے اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد کر۔

⑩ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿١٢٦﴾ (الاعراف:١٢٦)

اے ہمارے رب! ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمیں دنیا سے اُٹھا تو اس حال میں کہ ہم

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تیرے فرمانبردار رہوں۔

⑪ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتۃ وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ (الاعراف:۲۳)

اے ہمارے رب! ہم نے اپنے اُوپر ستم کیا اب اگر تو نے ہم سے درگزر نہ فرمایا اور رحم نہ کیا تو یقیناً ہم تباہ ہو جائیں گے۔

⑫ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

(یونس:۸۵۔۸۶)

اے ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنا اور ہمیں اپنی رحمت سے کافروں سے نجات دے۔

⑬ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾ (ھود:۴۷)

اے میرے رب! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ وہ چیز تجھ سے مانگوں جس کا مجھے علم نہیں۔ اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا اور رحم نہ فرمایا تو میں برباد ہو جاؤں گا۔

⑭ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِيّٖ فِي

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ
بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ (یوسف: ۱۰۱)

اے زمین و آسمان کے بنانے والے! تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا سرپرست ہے میرا خاتمہ اسلام پر کر اور انجام کار مجھے صالحین کے ساتھ ملا۔

⑮ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ
وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ (ابراہیم: ۴۰ - ۴۱)

اے میرے پروردگار! مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد میں سے بھی (ایسے لوگ اُٹھا جو یہ کام کریں) پروردگار! میری دُعا قبول کر۔ پروردگار! مجھے اور میرے والدین کو اور سب ایمان لانیوالوں کو اس دِن معاف کردیجئے جب حساب قائم ہوگا۔

⑯ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ ط (بنی اسرائیل: ۲۴)

اے میرے رب! میرے والدین پر رحم فرما جس طرح انہوں نے بچپن میں مجھے رحمت وشفقت سے پالا تھا۔

⑰ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ
مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا
نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ (بنی اسرائیل: ۸۰)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے میرے پروردگار! مجھ کو جہاں بھی تو لے جا سچائی کے ساتھ لے جا اور جہاں سے بھی نکال سچائی کے ساتھ نکال اور اپنی طرف سے ایک اقتدار کو میرا مددگار بنا دے۔

⑱ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ۝١٠ (الکہف:١٠)

اے ہمارے رب! ہمیں اپنی رحمت خاص سے نواز اور ہمارا معاملہ درست کر دے۔

⑲ رَّبِّ زِدۡنِىۡ عِلۡمًا ۝١١٤ (طٰہٰ:١١٤)

اے میرے پروردگار! مجھے مزید علم عطا فرما۔

⑳ رَبِّ اَنِّىۡ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ۝٨٣ (الانبیاء:٨٣)

(اے میرے رب!) مجھے بیماری لگ گئی ہے اور تو ارحم الراحمین ہے۔

㉑ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ ‌ۖ اِنِّىۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ۝٨٧ (الانبیاء:٨٧)

(اے اللہ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بیشک میں ظالموں میں سے تھا۔

㉒ رَبِّ لَا تَذَرۡنِىۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡوٰرِثِيۡنَ ۝٨٩ (الانبیاء:٨٩)

اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور بہترین وارث تو تو ہی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲۳) رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ﴿۲۹﴾

(المومنون: ۲۹)

اے میرے پروردگار! مجھ کو برکت والی جگہ اُتار اور تو بہترین جگہ دینے والا ہے۔

(۲۴) رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ﴿۹۷﴾

وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ (المومنون: ۹۷۔۹۸)

اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کی اُکساہٹوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں بلکہ اے میرے رب! میں تو اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔

(۲۵) رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۱۱۸﴾

(المومنون: ۱۱۸)

اے میرے رب! درگزر فرما اور رحم کر اور تو سب رحیموں سے بڑھ کر رحیم ہے۔

(۲۶) رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا

كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾

(الفرقان ۶۵۔۶۶)

اے ہمارے رب! جہنم کے عذاب سے ہم کو بچا لے اس کا عذاب تو جان لاگو ہے۔ وہ تو بہت ہی بُرا مستقر اور مقام ہے۔

(۲۷) رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ

اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ (الفرقان: ۷۴)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے ہمارے رب! ہمیں اپنی بیویوں/ خاوندوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔

۲۸ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿۸۵﴾

(الشعراء ۸۳ تا ۸۵)

اے میرے رب! مجھے حکم عطا کر اور مجھ کو صالحوں کے ساتھ ملا اور بعد کے آنے والوں میں مجھے سچی ناموری عطا کر اور مجھے جنت نعیم کے وارثوں میں شامل فرما۔

۲۹ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

(النمل: ۱۹)

اے میرے رب! مجھے قابو میں رکھ میں تیرے اس احسان کا شکر ادا کرتا رہوں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا ہے اور ایسا صالح عمل کروں جو تجھے پسند آئے اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے صالح بندوں میں داخل کر۔

۳۰ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ (القصص: ۲۴)

اے میرے پروردگار! جو خیر بھی تو مجھ پر نازل کر دے میں اُس کا محتاج ہوں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۳۱) رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٣٠﴾ (العنکبوت:۳۰)

اے میرے رب! ان مفسدوں کے مقابلے میں میری مدد فرما۔

(۳۲) رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ
اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ
صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ
اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٥﴾ (الاحقاف:۱۵)

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اُن نعمتوں کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائیں اور ایسا نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو جائے اور میری اولاد کو بھی نیک بنا کر مجھے سکھ دے، میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور میں تیرے فرماں بردار بندوں میں سے ہوں۔

(۳۳) رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا
بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠﴾ (الحشر:۱۰)

اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے اُن سب بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں اور ہمارے دلوں میں اہل ایمان کے لئے کوئی بغض نہ رکھ اے ہمارے رب! تو بڑا مہربان اور رحیم ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۴ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ
الْمَصِيْرُ ۝۴ (الممتحنہ:۴)

اے ہمارے رب! تیرے ہی اوپر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم نے رجوع کرلیا اور تیرے ہی حضور پلٹنا ہے۔

۳۵ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۸ (التحریم:۸)

اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لیے مکمل کردے اور ہم سے درگزر فرما تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

۳۶ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ (التحریم:۱۱)

اے میرے رب! میرے لیے اپنے ہاں جنت میں ایک گھر بنا۔

۳۷ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۱۲۷
وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝۱۲۸
(البقرہ:۱۲۷۔۱۲۸)

اے ہمارے پروردگار! ہم سے یہ خدمت قبول کرلے۔ تو سب کی سننے اور سب کچھ جاننے والا ہے اور ہماری کوتاہیوں سے درگزر فرما۔ تو بڑا معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صبح وشام کے اذکار کی فضیلت

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے ایسے لوگوں کے ساتھ بیٹھنا، حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے چار غلام آزاد کرنے سے زیادہ پسند ہے جو نمازِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک اللہ کا ذکر کرتے ہیں۔ اور مجھے ایسے لوگوں کے ساتھ بیٹھنا چار (غلام) آزاد کرنے سے زیادہ پسند ہے جو نمازِ عصر سے غروبِ آفتاب تک اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں۔ (سنن ابی داود)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز باجماعت پڑھی، پھر وہ بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہا، یہاں تک کہ سورج طلوع ہوا، پھر اس نے دو رکعت نماز (اشراق) ادا کی تو اس کو حج وعمرہ کا پورا پورا ثواب ملے گا۔ (ترمذی)

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جس شخص نے صبح کی نماز پڑھی پھر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہا سورج طلوع ہونے تک، پھر اس نے دو رکعت یا چار رکعت پڑھیں، تو اس کی کھال (جسم) کو جہنم کی آگ نہ چھوئے گی۔ (بیہقی)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صبح کے اذکار

① صبح کے وقت ایک مرتبہ:

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ (سلسلہ الاحادیث الصحیحہ)

''اے اللہ! تیری ہی حفاظت میں ہم نے صبح کی اور تیری ہی حفاظت میں شام کی اور تیرے ہی نام پر ہم زندہ ہوتے اور تیرے ہی نام پر ہم مرتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔''

② صبح کے وقت ایک مرتبہ:

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ (سنن ابی داود)

''ہم نے صبح کی اور اللہ رب العالمین کے سارے ملک نے صبح کی۔ اے اللہ! میں تجھ سے اس دن کی بہتری مانگتا ہوں، اس کی فتح و نصرت، اس کا نور، اس کی برکت اور اس کی ہدایت اور میں اس دن کے شر اور اس کے بعد کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

③ صبح کے وقت ایک مرتبہ:

اَصْبَحْنَا عَلٰی فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَعَلٰی كَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰی دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مِلَّةِ اَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (مسند احمد)

''ہم نے فطرتِ اسلام، کلمہ اخلاص، اپنے نبی حضرت محمد ﷺ کے دین اور اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام، جو یک رُخ (اور) فرماں بردار تھے، کی ملت پر صبح کی اور وہ مشرکوں میں سے نہیں تھے۔''

④ صبح کے وقت ایک مرتبہ

جس نے صبح کے وقت یہ دعا پڑھی تو اس نے اس دن کا شکر ادا کر دیا۔

اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ (سنن ابی داود)

''اے اللہ! صبح کے وقت مجھ پر یا تیری مخلوق میں سے کسی پر جو بھی انعام ہوا ہے، وہ تیری ہی طرف سے ہے۔ تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، پس تیرے ہی لیے سب تعریف ہے اور تیرے ہی لیے شکر ہے۔''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑤ صبح کے وقت ایک مرتبہ:

أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ أَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ، رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ

(صحیح مسلم)

''ہم نے صبح کی اور اللہ کے سارے ملک نے صبح کی اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے۔ اے میرے رب! میں تجھ سے اس دن کی بہتری کا سوال کرتا ہوں اور اس دن کی بہتری کا جو اس کے بعد آنے والا ہے اور میں اس دن کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اس کے بعد آنے والے دن کے شر سے۔ اے میرے رب! میں کاہلی اور بڑھاپے کی خرابی سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اے میرے رب! میں آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑥ صبح کے وقت چار مرتبہ:

فضیلت: جو شخص یہ دعا پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے آگ سے آزاد کر دے گا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَصْبَحْتُ اُشْھِدُكَ وَاُشْھِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَآئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ (سنن ابی داود)

”اے اللہ! یقیناً میں نے ایسی حالت میں صبح کی کہ تجھے، تیرا عرش اٹھانے والے فرشتوں، تیرے (دیگر) فرشتوں اور تیری تمام مخلوق کو اس بات پر گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں اور بلاشبہ محمد (ﷺ) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔“

⑦ صبح کے وقت تین مرتبہ:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ (صحیح مسلم)

”میں اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہوں اس کی تعریفوں کے ساتھ، اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کی ذات کی رضا کے برابر، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی روشنائی کے برابر۔“

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شام کے اذکار

① شام کے وقت ایک مرتبہ:

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْیَا وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ (سلسلہ الاحادیث الصحیحہ)

"اے اللہ! تیری ہی حفاظت میں ہم نے شام کی اور تیری ہی حفاظت میں صبح کی اور تیرے ہی نام پر ہم زندہ ہوتے اور تیرے ہی نام پر ہم مرتے ہیں اور تیری ہی طرف اُٹھ کر جانا ہے۔"

② شام کے وقت ایک مرتبہ:

جس نے شام کے وقت یہ دعا پڑھی تو اس نے رات کا شکر ادا کر دیا۔

اَللّٰھُمَّ مَا اَمْسٰی بِیْ مِنْ نِّعْمَۃٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ فَمِنْکَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ، فَلَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ (سنن ابی داود)

"اے اللہ! شام کے وقت مجھ پر یا تیری مخلوق میں سے کسی پر جو بھی انعام ہوا ہے، وہ تیری ہی طرف سے ہے۔ تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، پس تیرے ہی لیے سب تعریف ہے اور تیرے ہی لیے شکر ہے۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

③ شام کے وقت ایک مرتبہ:

أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا، رَبِّ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْٓءِ الْكِبَرِ رَبِّ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ (صحیح مسلم)

”ہم نے شام کی اور اللہ کے سارے ملک نے شام کی اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے۔ اے میرے رب! میں تجھ سے اس رات کی بہتری کا سوال کرتا ہوں اور اس رات کی بہتری کا جو اس کے بعد آنے والی ہے اور میں اس رات کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اس کے بعد آنے والی رات کے شر سے۔ اے میرے رب! میں کاہلی اور بڑھاپے کی خرابی سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اے میرے رب! میں آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔“

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صبح و شام کے اذکار اور دعائیں

① جو شخص صبح کے وقت آیۃ الکرسی پڑھے، وہ شام تک جنوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ اور جو شخص اسے شام کے وقت پڑھے، وہ صبح تک ان سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ (صحیح الترغیب والترھیب)

آیت الکرسی:

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗۤ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَ مَا خَلْفَھُمْ ۚ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَ لَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَ ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ (البقرہ ۲۵۵)

اللہ (وہ معبود ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندۂ جاوید اور ہمیشہ قائم رہنے والا ہے، اسے نہ اونگھ آتی ہے نہ ہی نیند، جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، سب اسی کا ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے ہاں سفارش کر سکے؟ وہ ان چیزوں کو جانتا ہے جو ان (لوگوں) کے سامنے ہیں اور جو ان کے پیچھے ہیں، اور وہ (لوگ) اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جس قدر وہ خود چاہے (اس قدر معلوم کرا دیتا ہے) اس کی کرسی نے گھیر رکھا ہے آسمانوں اور زمین کو، اور اسے ان دونوں (آسمان و زمین) کی حفاظت ذرا بھی نہیں تھکاتی، اور وہ بڑا بلند ہے، عظمت والا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

② صبح وشام سات مرتبہ:

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (سنن ابی داود)

''مجھے اللہ ہی کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وہ عرش عظیم کا رب ہے۔''

③ صبح وشام تین مرتبہ:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

(سنن ابی داود)

''اس اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کی برکت سے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی، زمین کی ہو یا آسمانوں کی اور وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔''

④ صبح وشام تین مرتبہ:

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا (سنن ابی داود)

''میں اللہ کے ساتھ (اس کے) رب ہونے پر راضی ہو گیا اور اسلام کے ساتھ (اس کے) دین ہونے پر اور محمد (ﷺ) کے ساتھ (ان کے) نبی ہونے پر۔''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑤ صبح وشام ایک مرتبہ:

يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ أَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ، وَلَا تَكِلْنِيْ إِلَى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ (المستدرک الحاکم)

''اے زندہ جاوید! اے قائم ودائم! میں تیری ہی رحمت کے ذریعے سے مدد طلب کرتا ہوں، تو میرا ہر کام سنوار دے اور آنکھ جھپکنے کے برابر بھی مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کرنا۔''

⑥ صبح وشام تین مرتبہ:

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (صحیح مسلم)

''میں اللہ کے مکمل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں، اس کی مخلوق کے شر سے۔''

⑦ صبح وشام سات مرتبہ:

صبح کی نماز کے بعد کسی سے ہم کلام ہونے سے پہلے اگر کوئی شخص سات بار یہ دعا پڑھ لے پھر اگر اس کو اس دن موت بھی آ جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو آگ سے پناہ میں رکھے گا اور اسی طرح مغرب کی نماز کے بعد بھی پڑھ لے تو یہی فضیلت ہے:

اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ

''اے اللہ! مجھے آگ کے عذاب سے بچا۔''

(مشکوۃ باب ما یقول عند الصباح والمساء والمنام فصل دوم)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑦ صبح وشام تین مرتبہ:

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ (سنن ابی داود)

''اے اللہ! مجھے میرے جسم میں عافیت دے اے اللہ مجھے میرے کانوں میں عافیت دے اے اللہ! مجھے میری آنکھوں میں عافیت دے، تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اے اللہ میں کفر اور غربت سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اے اللہ یقیناً میں عذابِ قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔''

⑧ صبح وشام سو مرتبہ:

جو شخص یہ دعا سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ شام کو پڑھے گا، قیامت کے دن کوئی شخص اس کے عمل سے افضل عمل لے کر نہیں آئے گا۔ تاہم اگر کوئی شخص اس کے برابر یا اس سے زیادہ دفعہ کہے تو وہ اس سے افضل ہو سکتا ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ (صحیح مسلم)

''میں اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہوں اس کی تعریف کے ساتھ۔''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سید الاستغفار

⑨ صبح وشام ایک مرتبہ:

فضیلت: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص یقین کی حالت میں شام کے وقت یہ دعا پڑھے اور اسی رات فوت ہو جائے تو وہ جنت میں جائے گا، اور اسی طرح جو شخص اسے صبح کے وقت پڑھے اور شام تک فوت ہو جائے تو وہ بھی جنت میں جائے گا۔ (صحیح بخاری)

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ (صحیح بخاری)

”اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا فرمایا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں اپنی طاقت کے مطابق تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں تجھ سے اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جس کا میں نے ارتکاب کیا، میں تیرے سامنے تیرے انعام کا اقرار کرتا ہوں جو مجھ پر ہوا اور میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں، لہٰذا مجھے معاف کر دے۔ حقیقت یہ ہے کہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا۔“

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑩ صبح اور شام ایک مرتبہ:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کو یہ آیتیں پڑھے۔ اسے اس دن کے کاموں کا ثواب دیا جائے گا جو اس کی غفلت سے رہ جائیں اور جو شام کو پڑھے اسے رات کا پورا ثواب ملے گا: (سنن ابی داود)

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ (الروم: ۱۷۔۱۹)

پس تسبیح کرو اللہ کی جب کہ تم شام کرتے ہو اور جب صبح کرتے ہو۔ آسمانوں اور زمین میں اُس کے لیے حمد ہے اور (تسبیح کرو اُس کی) تیسرے پہر اور جب کہ تم پر ظہر کا وقت آتا ہے۔ وہ زندہ کو مردے میں سے نکالتا ہے اور مردے کو زندہ میں سے نکال لاتا ہے اور زمین کو اُس کی موت کے بعد زندگی بخشتا ہے۔ اسی طرح تم لوگ بھی (حالتِ موت سے) نکالے جاؤ گے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑪ شہادت کا مرتبہ اور ستر ہزار فرشتوں کی دعائیں:

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص صبح کو تین مرتبہ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ کر سورۂ حشر کی آخری تین آیات ایک بار پڑھے گا تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے دعائے استغفار کرتے رہیں گے۔ اور اگر اس دن اسے موت آ گئی تو شہید مرے گا اور شام کو پڑھ لے تو اس کو بھی یہی درجہ حاصل ہوگا۔ یعنی ستر ہزار فرشتے صبح تک اس کیلئے دعائے استغفار کرتے رہیں گے اور اگر اس رات میں مر گیا تو شہید مرے گا۔ (ترمذی)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾ (سورۃ الحشر: ۲۲-۲۴)

وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، غائب اور حاضر ہر چیز کا جاننے والا، وہی رحمن

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور رحیم ہے۔ وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ بادشاہ ہے نہایت مقدس، سراسر سلامتی، امن دینے، نگہبان، سب پر غالب، اپنا حکم بزور نافذ کرنے والا، اور بڑا ہی ہو کر رہنے والا۔ پاک ہے اللہ اُس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں۔ وہ اللہ ہی ہے جو تخلیق کا منصوبہ بنانے والا اور اس کو نافذ کرنے والا اور اس کے مطابق صورت گری کرنے والا ہے۔ اس کے لیے بہترین نام ہیں ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اس کی تسبیح کر رہی ہے اور وہ زبردست اور حکیم ہے۔

www.KitaboSunnat.com

⑭ صبح وشام ایک مرتبہ:

اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهٗ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗٓ اِلٰى مُسْلِمٍ (سنن ابی داود)

اے اللہ! اے غیب اور حاضر کے جاننے والے! اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! اے ہر چیز کے پروردگار اور مالک میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے نفس کے شر سے، اور شیطان کے شر سے، اور اس کے شرک سے، اور اس بات سے کہ اپنے ہی خلاف کسی برائی کا ارتکاب کروں یا اسے کسی مسلمان کی طرف کھینچ لاؤں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حادثات سے بچنے کا وظیفہ

⑭ صبح وشام ایک مرتبہ:

حضرت طلق فرماتے ہیں کہ ایک شخص ابودرداء رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ رضی اللہ عنہ کا مکان جل گیا، فرمایا نہیں جلا۔ پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا نہیں جلا۔ پھر تیسرے آدمی نے یہی خبر دی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا نہیں۔ پھر ایک اور شخص نے آ کر کہا کہ ابودرداء رضی اللہ عنہ آگ کے شرارے، بہت بلند ہوئے مگر جب آپ رضی اللہ عنہ کے مکان تک آگ پہنچی تو بجھ گئی۔ فرمایا مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالی ایسا نہیں کرے گا۔ کہ میرا مکان جل جائے، کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے، تو شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔

(میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے، اس لیے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا)

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ، وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَآ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (عمل الیوم واللیلۃ، باب ما یقول اذا اصبح ۵۷)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! تو میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ پر توکل کرتا ہوں اور تو عرش عظیم کا رب ہے۔ اللہ جو تو چاہتا ہے وہ ہی ہوتا ہے اور جو تو نہیں چاہتا وہ نہیں ہوتا اور گناہوں سے دور رہنے اور نیکیوں کی توفیق صرف اللہ ہی سے ملتی ہے جو بہت بلند اور بہت بڑا ہے میں جانتا ہوں بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اور بے شک اللہ نے ہر چیز کو اپنے علم کے ساتھ گھیر رکھا ہے۔ اے اللہ میں اپنے نفس کے شر سے اور ہر ذی روح کے شر سے پناہ مانگتا ہوں تو پکڑے ہوئے ہے ان کی پیشانیوں کو بے شک میرے رب کا راستہ ہی سیدھا ہے۔

⑮ صبح وشام ایک مرتبہ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِىْ دِيْنِىْ وَدُنْيَایَ وَاَهْلِىْ وَمَالِىْ، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِىْ وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِىْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِىْ مِنْ بَيْنِ يَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِىْ وَعَنْ يَّمِيْنِىْ وَعَنْ شِمَالِىْ وَمِنْ فَوْقِىْ وَاَعُوْذُ بِعَظْمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِىْ (سنن ابی داود)

''اے اللہ! بے شک میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! بے شک میں تجھ سے اپنے دین، اپنی دنیا اور اپنے اہل و مال میں معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میرے عیبوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں امن دے۔ اے اللہ! تو میری حفاظت فرما میرے سامنے سے، میرے پیچھے سے، میرے دائیں طرف سے، میرے بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے۔ اور میں تیری عظمت کے ساتھ اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ ناگہاں اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔"

⑯ صبح وشام دس مرتبہ:

فضیلت: جو شخص اسے صبح کے وقت پڑھے گا، اُس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی، دس گناہ معاف کردیئے جائیں گے، دس درجات بلند کیے جائیں گے اور یہ دعا بنو اسماعیل میں سے دس گردنیں آزاد کرنے کے برابر ہے، نیز اللہ تعالیٰ یہ دعا پڑھنے والے کو شیطان سے محفوظ رکھے گا۔ اور جو اسے شام کے وقت پڑھے گا، اُس کے لیے بھی یہی اجر ہے۔ اور اگر کاہلی کا شکار ہو تو ایک بار پڑھ لے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (سنن ابی داود)

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت اور اسی کی تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے۔"

⑰ دن میں سو مرتبہ:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ (صحیح مسلم)

میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑱ صبح وشام سو مرتبہ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح اور مغرب کی نمازوں کے بعد کلام کرنے سے پہلے سو مرتبہ درود پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کی 100 ضرورتیں پوری فرماتا ہے 30 دنیا میں اور 70 آخرت میں۔

نوٹ: القول البدیع ص ۱۲۱ میں اس درود شریف کے لفظ یہ ہیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ (سنن النسائی)

''اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر۔''

(امید ہے کہ کوئی کم فرصت شخص بھی یہ درود سو بار پڑھ لے تو اس ثواب سے محروم نہ رہے گا)

⑲ صبح وشام تین مرتبہ:

جو شخص آخری تینوں قل تین دفعہ صبح اور تین دفعہ شام کے وقت پڑھے، یہ عمل اس کے لیے دنیا کی ہر چیز کی کفالت کے لئے کافی ہو جاتا ہے۔ (سنن ابی داود)

سورۃ اخلاص: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان، نہایت رحم فرمانے والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ① اَللّٰهُ الصَّمَدُ ② لَمْ يَلِدْ
وَلَمْ يُوْلَدْ ③ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ④

کہہ دیجیے! وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ وہ کسی سے جنا، اور نہ کوئی اس سے جنا گیا ہے۔ اور اس کا کوئی ہمسر نہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورۃ الفلق: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِۙ ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَۙ ﴿۲﴾
وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَۙ ﴿۳﴾ وَ مِنۡ شَرِّ
النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِۙ ﴿۴﴾ وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا
حَسَدَ ﴿۵﴾

کہہ دیجئے! میں پناہ چاہتا ہوں صبح کے پروردگار کی۔ ہر اس شے کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔ اور اندھیرا کرنے والے کے شر سے جب وہ چھپ جائے۔ اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے۔ اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

سورۃ الناس: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِۙ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِۙ ﴿۲﴾ اِلٰهِ
النَّاسِۙ ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ الۡخَنَّاسِ ﴿۴﴾
الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِۙ ﴿۵﴾ مِنَ
الۡجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

کہہ دیجئے! میں پناہ چاہتا ہوں لوگوں کے پروردگار کی۔ لوگوں کے بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے شیطان سے جو آنکھوں سے اوجھل ہے۔ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔ (خواہ وہ) جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسنون دعائیں

① اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا (سنن ابی داود)

اللہ، اللہ میرا رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔

② اَللّٰهُمَّ فَقِّهْنِیْ فِی الدِّیْنِ (بخاری ومسلم)

اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطا فرما۔

③ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ (ترمذی، مسند احمد)

اے دلوں کو پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔

④ یَا مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قَلْبِیْ عَلٰی طَاعَتِكَ (ابوداود، مسلم)

اے دلوں کو پھیرنے والے! میرے دل کو اپنی اطاعت پر پھیر دے۔

⑤ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ (سنن ابی داود)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! میں تیری رحمت ہی کی امید رکھتا ہوں، پس تو آنکھ جھپکنے کے برابر بھی مجھے میرے اپنے نفس کے سپرد نہ کرنا اور میرے لیے میرے سب کام سنوار دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

⑥ اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا (مستدرک حاکم)

اے اللہ میرے حساب کو آسان کرنا۔

⑦ اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَہٗ سَھْلًا وَّاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزَنَ اِذَا شِئْتَ سَھْلًا (ابن حبان)

اے اللہ! کوئی کام آسان نہیں مگر وہی جسے تو آسان کردے اور تو مشکل کام جب چاہے آسان کر دیتا ہے۔

⑧ اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَکَرَاتِ الْمَوْتِ (ترمذی)

اے اللہ! موت کی سختیوں اور اس سے طاری ہونے والی بیہوشیوں میں میری مدد فرما۔

⑨ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ (ترمذی)

اے اللہ! تو معاف کرنے والا ہے اور معاف کرنے کو پسند فرماتا ہے لہٰذا میرے گناہ معاف فرما دے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑩ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ الۡهُدٰی وَالتُّقٰی وَالۡعَفَافَ وَالۡغِنٰی (صحیح مسلم)

اے اللہ! بیشک میں تجھ سے ہدایت، پرہیزگاری اور عفت اور (خلق سے) بے پروائی مانگتا ہوں۔

⑪ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ عِلۡمًا نَّافِعًا وَّرِزۡقًا طَیِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا (مشکوۃ)

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے نفع دینے والے علم، پاکیزہ رزق اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

⑫ اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡ اَوۡسَعَ رِزۡقِكَ عَلَیَّ عِنۡدَ كِبَرِ سِنِّیۡ وَانۡقِطَاعِ عُمُرِیۡ (الحاکم)

اے اللہ! مجھ پر میرے بڑھاپے اور میری عمر کے ختم ہونے تک اپنا رزق کشادہ رکھنا۔

⑬ اَللّٰھُمَّ اكۡفِنِیۡ بِحَلَالِكَ عَنۡ حَرَامِكَ وَاَغۡنِنِیۡ بِفَضۡلِكَ عَمَّنۡ سِوَاكَ (ترمذی)

اے اللہ! میری کفایت کر اپنے حلال کے ساتھ، اپنے حرام سے (بچا کر) اور اپنے فضل سے مجھے اپنے سوا ہر کسی سے بے نیاز کر دے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑭ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا يَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا (ابن ماجه)

اے اللہ! جو تو نے مجھے سکھایا ہے اس کے ساتھ مجھے نفع دے اور مجھے وہ سکھا دے جو مجھے نفع دے اور میرے علم میں اضافہ فرما۔

⑮ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ (ترمذی)

اے اللہ! بیشک میں تیری پناہ مانگتا ہوں بُرے اخلاق، بُرے اعمال، بُری خواہشوں اور بُری بیماریوں سے۔

⑯ اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاخْلُفْ عَلَیَّ كُلَّ غَآئِبَةٍ لِّیْ بِخَيْرٍ (الحاکم)

اے اللہ! جو چیز تو نے مجھے عطا فرمائی ہے اس میں قناعت اور برکت دے اور ہر غائب ہونے والی چیز پر بھلائی کے ساتھ میرا نگہبان اور محافظ ہو۔

⑰ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ يُبَلِّغُنِیْ حُبَّكَ (ترمذی)

اے اللہ! میں تجھ سے تیری محبت کا سوال کرتا ہوں اور ہر اس شخص کی محبت کا جو تجھ سے محبت کرتا ہے اور اس عمل کا جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسْئَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ
وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدْرِ (مشکوٰۃ)

اے اللہ! بیشک میں تجھ سے صحت (تندرستی) پاک دامنی، دیانت داری خوش خلقی اور
تقدیر پر راضی رہنا مانگتا ہوں۔

۱۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ
وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ (سنن النسائی)

اے اللہ! بیشک میں محتاجی سے، رزق کی کمی اور ذلت سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اور اس
بات سے بھی پناہ مانگتا ہوں کہ ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں۔

۲۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ
الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ (بخاری)

اے اللہ! بیشک میں تیری پناہ مانگتا ہوں بلا کی مشقت سے، بدبختی پالینے، بری تقدیر اور
دشمنوں کے خوش ہونے سے۔

۲۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ
وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَآئَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ
سَخَطِكَ (مسلم)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! بیشک میں تیری پناہ مانگتا ہوں تیری نعمتوں کے زوال سے تیری عطا کردہ عافیت کے بدل جانے سے اور تیری سزا کے اچانک وارد ہوجانے سے اور تیری ہر قسم کی ناراضگی سے۔

(۴۲) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْٓ اَعْیُنِ النَّاسِ كَبِیْرًا (حصن حصین)

اے اللہ! تو مجھے بہت صبر کرنے والا اور بہت شکر کرنے والا بنادے اور مجھے میری نظر میں چھوٹا اور دوسروں کی نظر میں بڑا بنادے۔

(۴۳) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ یَّوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَیْلَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْٓءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ
(طبرانی)

اے اللہ! بیشک میں بُرے دن بُری رات، بُری گھڑی، بُرے دوست اور سکونت کے گھر میں بُرے ہمسائے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

(۴۴) رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْكُرْ لِیْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَیَّ وَاهْدِنِیْ وَیَسِّرِ الْهُدٰی اِلَیَّ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ، رَبِّ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اجْعَلْنِی لَكَ شَكَّارًا لَّكَ ذَكَّارًا لَّكَ رَهَّابًا لَّكَ مِطْوَاعًا إِلَيْكَ مُخْبِتًا أَوَّاهًا مُّنِيبًا، رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي وَاغْسِلْ حَوْبَتِي وَأَجِبْ دَعْوَتِي وَثَبِّتْ حُجَّتِي وَاهْدِ قَلْبِي وَسَدِّدْ لِسَانِي وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ قَلْبِي (ابوداؤد)

پروردگار! میری مدد فرما اور میرے خلاف میرے دشمنوں کی مدد نہ کر اور مجھے غلبہ دے اور میرے دشمنوں کو مجھ پر غلبہ نہ دے اور میرے لیے تدبیر کر اور میرے نقصان پر اُن کیلئے تدبیر نہ کر اور مجھے ہدایت دے اور ہدایت کو میرے لیے آسان کر دے اور میری مدد کر اس کے خلاف جو مجھ پر ظلم کرے۔ اے میرے رب! بنا دے مجھ کو کہ میں تیرا بہت شکر کرنیوالا، تیرا بہت ذکر کرنیوالا، تجھ سے بہت ڈرنے والا، تیری بہت اطاعت کرنے والا، عاجزی کرنیوالا، گڑگڑانے والا، رجوع کرنے والا۔ اے میرے رب میری توبہ قبول کر اور میرے گناہ دھو دے اور میری دُعا قبول کر اور میری دلیل ثابت رکھ اور میرے دل کو ہدایت دے اور میری زبان سیدھی رکھ اور میرے دل سے کینہ کو نکال دے۔

۲۵ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُورُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيَّامُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، اَنْتَ الْحَقُّ، وَقَوْلُكَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاءُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَّالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَاَسْرَرْتُ وَاَعْلَنْتُ، اَنْتَ اِلٰهِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ (عمل الیوم اللیلۃ ، باب ما یقول اذا تعار من اللیل ۲۰ ۷)

اے اللہ تیرے لیے ہی تعریف ہے کہ تو نور ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو اُن میں ہے، اور تیرے لیے ہی تعریف ہے کہ تو ٹھہرانے والا ہے آسمانوں اور زمین کو، اور تیرے لیے ہی تعریف ہے کہ تو مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو اُن میں ہے، تو سچا ہے اور تیرا فرمان بھی سچا ہے اور تیرا وعدہ سچا ہے اور تیری ملاقات بھی برحق ہے، جنت برحق ہے اور جہنم بھی برحق ہے، اور قیامت بھی برحق ہے، اے اللہ تیرے ہی لیے میں فرمانبردار ہوں اور تجھ پر ہی میں نے بھروسہ کیا، اور تیری ہی طرف میں رجوع کرتا ہوں، اور تجھ سے میں جھگڑا کرتا ہوں، اور تیری ہی طرف فیصلہ لاتا ہوں، پس مجھے بخش دے جو میں نے آگے بھیجا اور جو میں نے پیچھے چھوڑا اور جو میں نے پوشیدہ رکھا اور جو میں نے اعلانیہ کیا، تو ہی میرا معبود برحق ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۶ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيَّ وَاجْعَلْ
خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِيْ وَاقْطَعْ عَنِّيْ
حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاِذَآ
اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ اَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ دُنْيَاهُمْ
فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ مِنْ عِبَادَتِكَ (ادعیہ جامعہ من القرآن والسنہ)

اے اللہ! اپنی محبت میرے دل میں ہر چیز کی محبت سے بڑھا دے اور اپنے خوف کو ہر چیز کے خوف سے زیادہ کردے اور دنیا کی ہر طلب پر اپنی ملاقات کا شوق غالب کردے اور جب دُنیا والوں کو تو ان کی دنیا سے ٹھنڈک اور لذت دے تو میری آنکھوں کی لذت اور ٹھنڈک اپنی بندگی میں رکھ۔

۳۷ اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ
وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ
لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ
زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ
مِنْ كُلِّ شَرٍّ (مسلم)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! تو میرے دین کو سنوار دے جو حفاظت کرنے والا ہے میرے کام کی اور میری دنیا سنوار دے جس میں میری روزی ہے اور میری آخرت سنوار دے جہاں مجھ کو لوٹ کر جانا ہے اور بنا دے میری زندگی کو بھلائی کی زیادتی کا سبب اور موت کو ہر برائی سے راحت کا سبب۔

(۲۸) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْھَرَمِ وَالْقَسْوَۃِ وَالْغَفْلَۃِ وَالذِّلَّۃِ وَالْمَسْکَنَۃِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْکُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَالسُّمْعَۃِ وَالرِّیَآءِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَکَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَسَیِّءِ الْاَسْقَامِ (حاکم، بیہقی)

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں عاجزی اور سستی سے، بزدلی اور بخل سے، انتہائی بڑھاپے، سخت دِلی اور غفلت سے، ذلت اور ناداری سے، اور میں پناہ مانگتا ہوں محتاجی سے، کفر، نافرمانی، مخالفت اور نفاق سے اور بری شہرت اور دکھاوے سے اور میں پناہ مانگتا ہوں بہرے پن اور گونگا ہونے سے اور پاگل پن کوڑھ اور برص اور تمام بُری بیماریوں سے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲۹) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ قَرِيْبٌ مُّجِيْبُ الدَّعَوَاتِ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ (الورد المختار ۱۰/۱)

اے اللہ! مجھے، میرے والدین، مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں مومن مرد اور مومن عورتوں، زندہ اور وفات شدہ سب کو معاف فرما، بے شک تو دعاؤں کو قبول فرمانے والا انتہائی قریب ہے۔ اے رب العالمین!

(۳۰) اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَآءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ اِنَّكَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ (ادعیہ جامعہ من القرآن والسنہ ۱۵/۱)

اے اللہ! پاک کر میرے دل کو نفاق سے اور میرے عمل کو ریا سے اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے، بیشک تو خیانت کرنے والی آنکھوں اور دل کے بھیدوں سے آگاہ ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۳۱) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ ، وَابْنُ عَبْدِکَ ، وَابْنُ اَمَتِکَ، نَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ، مَاضٍ فِیَّ حُکْمُکَ ، عَدْلٌ فِیَّ قَضَآؤُکَ ، اَسْئَلُکَ بِکُلِّ اسْمٍ ھُوَلَکَ سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ ، اَوْ اَنْزَلْتَہٗ فِیْ کِتَابِکَ ، اَوْ عَلَّمْتَہٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ اَوِاسْتَاْثَرْتَ بِہٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ ، وَنُوْرَ صَدْرِیْ ، وَجَلَآءَ حُزْنِیْ وَذَھَابَ ھَمِّیْ (مسند احمد)

”اے اللہ! میں تیرا بندہ، تیرے بندے کا بیٹا ہوں اور تیری بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے، تیرا حکم مجھ میں جاری ہے، میرے بارے میں تیرا فیصلہ عدل ہے، میں تجھ سے تیرے ہر اس خاص نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو تو نے خود اپنا نام رکھا ہے یا اسے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھلایا ہے یا علم الغیب میں اسے اپنے پاس رکھنے کو ترجیح دی ہے کہ تو قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے سینے کا نور اور میرے غم کو دور کرنے والا اور میرے فکر کو لے جانے والا بنا دے۔“

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿۳۳﴾ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّسَارِيْ نُوْرًا وَّفَوْقِيْ نُوْرًا وَّتَحْتِيْ نُوْرًا وَّاَمَامِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَّعَصَبِيْ نُوْرًا وَّلَحْمِيْ نُوْرًا وَّدَمِيْ نُوْرًا وَّشَعْرِيْ نُوْرًا وَّبَشَرِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا، اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا (مشکوۃ)

اے اللہ! کر دے میرے دل میں نور اور میری آنکھوں میں نور اور میرے کانوں میں نور اور میرے دائیں نور اور میرے بائیں نور اور میرے اوپر نور اور میرے نیچے نور اور میرے آگے نور اور میرے پیچھے نور اور بنا دے میرے لیے نور ہی نور اور میری زبان میں نور اور کر دے میرے پٹھے نورانی اور میرا گوشت نورانی اور میرا خون نورانی اور میرے بال نورانی اور میری جلد نورانی اور میرا نفس نورانی اور بڑھا دے میرے لیے نور۔ اے اللہ! مجھے نور عطا فرما۔

﴿۳۴﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ (مسند احمد)

اے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں اس بات سے کہ میں جانتے ہوئے تیرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤں، اور میں تجھ سے ان غلطیوں کی معافی مانگتا ہوں جنہیں میں نہیں جانتا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جامع دعا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہیں کہ حضور ﷺ سے عرض کیا کہ حضور دعائیں تو آپ نے بہت سی بتا دیں ہیں، ساری یاد نہیں رہتیں، کوئی ایسی مختصر دعا بتا دیجیے جو سب دعاؤں کو شامل ہو جائے اس پر حضور ﷺ نے یہ دعا تعلیم فرمائی۔

۴۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

(سنن ترمذی)

اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ سب اچھی باتیں جو تیرے نبی محمد ﷺ نے تجھ سے مانگی ہیں اور ان تمام بری باتوں کے شر سے پناہ لیتا ہوں جن سے پناہ لی ہے تیرے نبی محمد ﷺ نے۔ تو ہی وہ ذات ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے اور تیرا کام حق پہنچا دینا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر نہ کسی میں نیکی کرنے کی طاقت ہے نہ برائی سے بچنے کی قوت اور سلام ہو تمام رسولوں پر اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو رب ہے تمام جہانوں کا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنے کی فضیلت

❁ امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دعا آسمان اور زمین کے درمیان معلق رہتی ہے اس میں سے کچھ بھی اوپر نہیں چڑھتا جب تک تو اپنے نبی ﷺ پر درود نہ بھیجے۔
(جامع ترمذی)

❁ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے: ''جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے گا، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔'' (صحیح مسلم)

❁ نبی ﷺ کا فرمان ہے: ''بخیل ہے وہ جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔''
(جامع الترمذی)

❁ نبی ﷺ کا فرمان ہے: ''اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو روئے زمین پر چلتے پھرتے ہیں، وہ میری امت کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں۔'' (سنن النسائی)

❁ نبی ﷺ کا فرمان ہے: ''کوئی شخص (جب) بھی مجھے سلام کہتا ہے، اللہ تعالیٰ میری روح مجھے واپس لوٹا دیتا ہے تا کہ میں اسے سلام کا جواب دوں۔'' (سنن ابی داوٗد)

❁ نبی ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح و شام دس دس مرتبہ مجھ پر درود پڑھے اُسے قیامت کے دن میری شفاعت حاصل ہوگی۔ (طبرانی)

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ارشاد فرمایا جنابِ رسول اللہ ﷺ نے: جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ ہمارے گھرانے والوں پر درود شریف پڑھتے وقت ثواب کا پورا پیمانہ لے تو یہ درود شریف پڑھے:

www.KitaboSunnat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ۨالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (ابوداؤد)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دارالفلاح کی تاسیس کا مقصد

کئی لوگ اس غلطی یا غلط فہمی کا شکار ہیں کہ اسلام کا لیبل لگا لینے سے، چند دعووں اور نعروں کے نام پر چند رسوم کی ادائیگی سے اسلامی زندگی کے تقاضے پورے ہوجاتے ہیں، جبکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ بقول علامہ اقبالؒ

خرد نے کہہ بھی دیا لا الٰہ تو کیا حاصل
دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

چناں چہ حقیقت یہی ہے کہ اسلامی تعلیمات سیکھے بغیر قرآن مجید، احادیث مبارکہ اور سیرت طیبہ کی تعلیم حاصل کرنے اور اس پر عمل کرنے کے بغیر اسلامی زندگی کا کوئی تصور نہیں۔ دارالفلاح کی بنیاد اسی غرض سے رکھی گئی ہے کہ سائنٹفک طریقے سے لوگوں کو تعلیمات اسلامیہ سے روشناس کروایا جائے۔

ہماری دانست کے مطابق مناسب رہنمائی کے فقدان، تعلیمی، کاروباری مصروفیات، اور دیگر بہت سی معلوم و نامعلوم وجوہات کی بنا پر ہمارا تعلیم یافتہ طبقہ اور دوسرے لوگ اسلامی تعلیمات کی طرف توجہ نہیں کر پاتے۔ دوسرا المیہ یہ ہے کہ کتاب وسنت کی باقاعدہ تعلیمات کو ہمارے نظام ونصاب تعلیم کا حصہ نہیں بنایا گیا اور ہمارے تعلیمی نظام میں انہیں وہ مقام نہیں مل سکا جو ملنا چاہیے تھا۔

دارالفلاح اس خلاء کو پر کرنے اور اس کمی کا ازالہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور دیگر تمام دینی حلقوں اور دائروں کو بھی اس سلسلے میں اپنی اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے اور کردار ادا کرنے کی درخواست کرتا ہے۔

دارالفلاح بنیادی طور پر عربی زبان اور اس کے قواعد صرف ونحو (Arabic Grammer) کی تعلیم وتدریس نیز قواعد ناظرہ وتجوید کے ذریعے تعلیمات قرآن وحدیث کو فروغ دینے کی کوشش کر رہا ہے اور اس کے لیے سال کے مختلف دورانیوں میں مختلف نوعیتوں کے کورسز کرواتا رہتا ہے۔ اُن کورسز کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ ناظرہ قرآن مجید مع تجوید　2۔ ترجمہ معانی وتفسیر قرآن مجید　3۔ مطالعہ سیرت
4۔ فہم قرآن وحدیث (عربی زبان گرامر کے ذریعے)　5۔ ترجمہ ومطالعہ حدیث
6۔ عربی بول چال کورسز　7۔ سمر کیمپ (برائے طلباء وطالبات)

تعلیمات قرآن وحدیث کے فروغ کا مثالی ادارہ

دارالفلاح پاکستان

0322-5242338 / 0332-4300726
042-38595955 / 042-35092094
E-mail.darulfalah_faizroad@yahoo.com

14-A فیض روڈ نزد جامع مسلم ٹاؤن لاہور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ